امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے ترجمہ قرآن کی مناسبت سے اشاعت خاص

# انوارِ کنزالایمان


مرتبین

ڈاکٹر امجد رضا امجد انڈیا

ملک محبوب الرسول قادری پاکستان


انٹرنیشنل غوثیہ فورم

198/4

0321,0300 9429027 E-mail:mahmoobqadri787@gmail.com

حضرت اخندزادہ پیر سیف الرحمٰن ارچی خراسانی رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: لاہور)

حضرت قائد اہل سنت شیخ الاسلام مولانا الشاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: کراچی)

غازی اسلام جانثار پاکستان ملک عبد الرسول قادری رحمۃ اللہ علیہ (مدفون: جوہر آباد)



امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے ترجمہ قرآن کی مناسبت سے

اشاعت خاص

# انوارِ کنز الایمان

ڈاکٹر امجد رضا امجد (انڈیا)

ملک محبوب الرسول قادری (پاکستان)


## انٹرنیشنل غوثیہ فورم

انوار رضا لائبریری 198/4 جوہر آباد (41200) پنجاب، پاکستان

0092-300/321-9429027

mahboobqadri787@gmail.com

# امام اہل سنت اور علم تفسیر

■— علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی، پاکستان

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قدس سرہ ان ہستیوں میں سے ہیں جن کے لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا
افمن شرح اللہ صدرہ للاسلام فھو علی نورہ من ربہ۔
(القرآن پ ۲۳ سورۃ الزمر آیت نمبر ۲۲)

یہ شرح صدر ہی تو تھا کہ قلیل عرصہ میں جملہ علوم وفنون سے فراغت پالی ورنہ عقل کب باور کرسکتی ہے کہ چودہ سال کی عمر میں جملہ علوم وفنون ازبر ہوں۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

اور علوم وفنون صرف ازبر نہ تھے بلکہ ہر فن پر مبسوط تصانیف موجود ہیں اور وہ بھی کسی سے مستعار نہیں بلکہ قلم رضوی کے اپنے آبدار موتی ہیں اور تحقیق کے ایسے بہتے ہوئے بحرِ ذخار کو دیکھ کر بڑے بڑے محققین انگشت بدنداں ہوجاتے ہیں۔ آپ کو قلم کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ تجربات اور شواہد بتاتے ہیں کہ جس بندۂ خدا کو جس فن کی مہارت نصیب ہو وہ دوسرے فن میں ہزاروں ٹھوکریں کھاتا ہے۔ مثلاً حضرت امام بخاری قدس سرہ کو دیکھئے کہ دنیائے اسلام نے فن حدیث کا انہیں ایسا امام مانا ہے کہ جس کی نظیر نہیں ملتی، لیکن فقہی استنباط اور تاریخی حیثیت سے آپ کو وہ مرتبہ حاصل نہیں جو فن حدیث میں حاصل ہے، لیکن اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ (۱۲۷۲ھ۔ ۱۳۴۰ھ) کی یہ خصوصیت ہے کہ آپ کو ہر فن کے ماہرین نے مانا ہے کہ آپ ہر فن میں مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ شاعروں نے آپ کو امام الشعراء سمجھا، فقہاء نے آپ کو وقت کا ابوحنیفہ مانا، محدثین نے امیر الحدیث وغیرہ وغیرہ۔ اس لئے خود اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے اپنے لئے فرمایا اور بجا فرمایا۔

ملک سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آگئے ہو سکے بٹھا دئے ہیں



اس وقت فقیر کا موضوع سخن فن تفسیر ہے (میں اس میں یہ) واضح کروں گا کہ آپ اس فن کے بھی مسلم امام ہیں، اگرچہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے پورے قرآن پاک کی کوئی تفسیر نہیں لکھی۔ لیکن حق یہ ہے کہ اگر آپ کی تصانیف کا بالاستیعاب مطالعہ کرکے تفسیری عبارات جمع کی جائیں تو ایک مبسوط تفسیر معرض وجود میں آسکتی ہے، چنانچہ فقیر اویسی غفرلہ نے اس کام کا آغاز کر رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے اتمام کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

## شرائط تفسیر:

امام جلال الملۃ والدین حضرت علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الاتقان" میں لکھا ہے کہ مفسر اس وقت تفسیر قرآن لکھنے اور بیان کرنے کا حق رکھتا ہے جب چودہ فنون کی مہارت حاصل کرے ورنہ تفسیر نہیں تحریف قرآن کا مرتکب ہوگا۔

اس قاعدہ پر اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ نہ صرف ان فنون میں ماہر ہیں بلکہ پچاس فنون پر کامل دسترس رکھتے ہیں۔ بلکہ بعض فنون پر آپ کی درجنوں تصانیف ہیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ آپ کو مستقل طور پر لکھنے کا موقع نہیں ملا، لیکن آپ کی تصانیف سے قرآنی ابحاث کی ایک ضخیم تفسیر تیار ہوسکتی ہے اور فقیر اویسی نے اس کے اکثر اجزاء کو جمع کیا ہوا ہے۔ بنام "تفسیر امام احمد رضا" خدا کرے کوئی بندۂ خدا اس کی اشاعت کے لئے کمربستہ ہوجائے (آمین) علاوہ ازیں تفاسیر پر آپ کے عربی حواشی کے اسماء ملتے ہیں۔ مثلاً:

۱۔ الزلال الانقی عن بحر سفینہ اتقی۔
۲۔ حاشیہ تفسیر بیضاوی شریف،
۳۔ حاشیہ عنایت القاضی شرح بیضاوی
۴۔ حاشیہ معالم التنزیل
۵۔ حاشیہ الاتقان فی علوم القرآن للسیوطی۔
۶۔ حاشیہ الدرر المنثور (سیوطی)
۷۔ حاشیہ تفسیر خازن

علاوہ ازیں بعض آیات اور سورتوں پر آپ کی متعدد تصانیف موضوع تفسیر پر ملتی ہیں جنہیں ملک العلماء علامہ ظفر الدین بہاری (رحمۃ اللہ علیہ) نے جمع فرمایا ہے۔ چند ایک کے اسماء درج ذیل ہیں۔

[۸] انوار العلم فی معنیٰ میعاد استجب لکم
یہ فارسی زبان میں ہے، یہ ۱۳۲۷ھ تک غیر مطبوعہ تھی۔ اس میں اعلیٰحضرت قدس سرہ نے تحقیق فرمائی کہ اجابت دعا کے کیا معنی ہیں اثر ظاہر نہ ہوتا دیکھ کر بے دل ہونا حماقت ہے۔